3578 ـ عورت كا انزال تك شہوت انگيزى كرنا

سوال

اگر عورت اپنے جنسى جذبات كو اتنا انگيخت كرے كہ انزال بھى ہو جائے تو كيا يہ فعل اسے جماع كى طرح جنبى كر ديگا ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اگر عورت شہوت انگيزى كرے حتى كہ انزال ہو جائے تو اس پر غسل واجب ہو جاتا ہے، اور اس طرح وہ جنبى شمار ہوگى، كيونكہ نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" پانى پانى سے ہے "

صحيح مسلم حديث نمبر (151).

يعنى منى كے انزال سے غسل واجب ہوتا ہے.

ليكن يہ فعل ـ عورت كا يا مرد كا جنسى جذبات انگيخت كرنا حتى كہ انزال ہو جائے ـ اسے مشت زنى كہتے ہيں، يہ مرد اور عورت دونوں كے ليے حرام عمل ہے، اس ميں دونوں كا كوئى فرق نہيں.

مزيد تفصيل اور دلائل معلوم كرنے كے ليے آپ سوال نمبر (329) كے جواب كا مطالعہ ضرور كريں.

واللہ اعلم .